CABI



گاجر بوٹی (پارتھینیم)

اِسے جڑ سے اُکھاڑ دو

Parthenium hysterophorus

علم برائے زندگی

پارتھینیم (گاجر بوٹی) کیا ہے؟

گاجر بوٹی ایک زہریلا پودا ہے جو کہ پاکستان میں پھیلتا جا رہا ہے۔ دیکھنے میں دوسری جڑی بوٹیوں سے یہ مختلف نظر نہیں آتا لیکن اس کو پہچاننا زیادہ اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اس کے انسانوں، فصلات، جانوروں اور ماحول پر بہت زیادہ مضر اثرات ہیں۔ اس لئے اس کا جڑ سے اُکھاڑ کر خاتمہ کر دینا چاہیے۔

گاجر بوٹی کا اکیلا پودا



گاجر بوٹی کے پھول

گاجر بوٹی کا کھیت میں پھیلاؤ



اس کی پہچان کیسے کی جائے؟

گاجر بوٹی موسم بہار اور گرمیوں میں اپریل سے نومبر تک تیزی سے پھیلتی ہے۔ اس کا قد ڈیڑھ میٹر تک ہو سکتا ہے اور اس کا ایک پودا دس ہزار تک بیج پیدا کر سکتا ہے جو کہ دور دور تک پھیل جاتے ہیں۔



ستارہ نما سفید رنگ کے پھول جو کہ واضح طور پر نظر آتے ہیں۔

اس کے تنے پر گہری دھاریاں ہوتی ہیں۔

ہلکے سے گہرے سبز رنگ کے پتے جن پر نازک سے بال ہوتے ہیں۔

گاجر بوٹی کے ساتھ ملتی جلتی دوسری جڑی بوٹیاں۔ مثال کے طور پر

آرٹی میزیا

بھنگ

پارتھینیم خطرناک ہے۔

فصلات کو نقصان
سے بچائیں

اپنی صحت کی
حفاظت کریں

اپنے جانوروں کی
صحت کی حفاظت
کریں



گاجر بوٹی فصلات میں پھیل کر 40 فیصد تک پیداوار کا نقصان کر سکتی ہے۔ یہ بوٹی جڑوں کے ذریعے ایک ایسا کیمیکل زمین میں چھوڑتی ہے جو دوسری فصلات کے بیج اُگنے نہیں دیتی مثلاً پھلی دار فصلات، بینگن، مرچ اور ٹماٹر وغیرہ۔



70 فیصد سے زیادہ لوگ جو اس جڑی بوٹی کے ساتھ کسی نہ کسی طرح سے وابستہ ہوتے ہیں ان کو

- دمہ
- کھانسی
- جلد کی بیماریاں
- آنکھوں کی جلن
- ناک کی سوزش

جیسی بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔

گاجر بوٹی جانوروں کے لئے بھی زہریلے اثرات رکھتی ہے۔ اس میں ایسے زہریلے مادے پائے جاتے ہیں جو جانوروں کے منہ پر الرجی اور بھوک کو کم کر دیتے ہیں۔ یہ زہریلے مادے جانوروں کے دودھ اور گوشت کی کوالٹی پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

گاجر بوٹی کو کیسے تلف کیا جائے

گاجر بوٹی پھیلنے سے روکیں



- تصدیق شدہ بیج استعمال کریں
- زرعی آلات، گاڑیوں اور دوسری مشینوں کو کھیت میں استعمال کرنے سے پہلے اور بعد میں ضرور دھوئیں۔
- پھلوں اور سبزیوں کی پیکنگ کرتے وقت اور جانوروں کی ترسیل کے وقت گاجر بوٹی کا استعمال نہ کریں۔
- پھولوں کے ایسے گلدستے جن میں گاجر بوٹی موجود ہو انہیں مت خریدیں۔

اپنی زمین کا معائنہ کریں



- گاجر بوٹی کے لئے ہفتہ وار معائنہ کریں۔ بیج کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے اس کے پودوں کو پھول نکلنے سے پہلے تلف کریں
- بارش کے بعد گاجر بوٹی خوب پھیلتی ہے اس لئے اس کے اُگاؤ پر نظر رکھیں
- جیسے ہی آپ کو آپ کی زمین پر گاجر بوٹی نظر آئے، فوراً اس کا تدارک کریں

گاجر بوٹی کو جڑ سے اُکھاڑ دیں



- گاجر بوٹی کو ہاتھوں پر دستانے اور چہرے پر ماسک پہن کر جڑ سے اُکھاڑ دیں
- بڑے پودوں کو کسی کے ذریعے تلف کریں اور جڑوں کو کھیت سے باہر دبا دیں تاکہ وہ دوبارہ نہ اُگ سکیں
- اُکھاڑے گئے پودوں کو زمین میں دبا دیں تاکہ ہوا سے اُس کے بیج نہ پھیل سکیں
- اگر گاجر بوٹی بڑے علاقے میں پھیلی ہوئی ہو تو اس کو ختم کرنے کے لئے زرعی ادویات کا استعمال بھی کر سکتے ہیں

گاجر بوٹی کا کنٹرول

آپ درج ذیل ادویات استعمال سے گاجر بوٹی کو تلف کر سکتے ہیں:

- ایمی ٹرین + ایٹرازین (تجارتی نام ایٹرازین + ایمی ٹرین 80WP ٹارگٹ علی اکبر گروپ) 20 گرام فی لیٹر پانی میں
- ایٹرازین + ایس - میٹاکلور (تجارتی نام پرائم ایکسٹرا گولڈ SC 720) فصلات کے اُگنے سے پہلے۔ -10 15 ملی لیٹر فی لیٹر پانی میں۔
- حفاظتی کپڑوں کا استعمال کریں۔ لیبل پر دی ہوئی ہدایات پر عمل کریں خاص طور پر استعمال کرنے کا وقت اور وقفہ



- ارد گرد ماحول پر نظر رکھیں
- فوری عمل کریں
- ہاتھوں پر دستانے پہن کر جڑ سے اُکھاڑ دیں
- مناسب کیمیائی زہریں محفوظ طریقہ سے استعمال کریں

تعاون:

UKaid from the British people

Ministry of Foreign Affairs of the Netherlands

گاجر بوٹی کے متعلق مزید معلومات کے لئے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں یا دی گئی ویب سائٹ وزٹ کریں:

+92-333-0132431 | www.invasive-species.org

علم برائے زندگی